Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی کال پر راولپنڈی میں آج کے پر امن احتجاج کا معاملہ

آج کے احتجاج کو نہایت بھرپور انداز میں مکمل کرنے پر کارکنان اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں، شی بدترین جبر و فسطائیت اور ریاستی قوت کے اندھے استعمال کے باوجود عوام بہت بڑی تعداد میں نہایت بے خوف ہو کر نکلے، ریاستی مشینری سوچے سمجھے منصوبے کے تحت حالات خراب کرنے اور انتشار کو ہوا دینے کی کوششیں کرتی رہی، عوام نے مثالی ہمت، جرات اور نظم و ضبط کے ساتھ نکل کر ریاستی منصوبہ سازوں کے شر انگیز عزائم ناکام جبکہ اپنے احتجاج کو کامیاب بنایا، عمران خان کی قیادت میں قوم آئین و قانون کی بالادستی، جمہوریت کی بحالی اور اپنی حقیقی آزادی سے ایک انچ پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں،

دستور کو عملاً معطّل، عدلیہ کو پابہ زنجیر اور عوام کو سیاسی آزادیوں سے محروم کرکے قوم کو ابدی غلام بنانے والوں پر گھبراہٹ طاری ہے، اسلام آباد، لاہور اور راولپنڈی کے بعد اب 2 اکتوبر کو میانوالی، فیصل آباد اور ملتان میں عوام آئین و جمہوریت کی بحالی کیلئے نکلیں گے،

آئین، قانون اور جمہوریت کی بحالی کی تحریک میں شدّت آرہی ہے اور اقتدار پر قابض ناجائز گروہ کیلئے مہلت تیزی سے کم ہورہی ہے، غیر سیاسی، غیر جمہوری، غیر منتخب اور ناجائز حکمرانوں کے پاس آئین اور جمہوریت کی بحالی اور عمران خان کی رہائی کے علاوہ کوئی راستہ باقی نہیں،

ملک کا مفاد آئین و قانون کی حکمرانی، جمہوریت کی بحالی اور عوامی مینڈیٹ کی واپسی و احترام میں پوشیدہ ہے،

قابض حکمران اور ان کی سیاسی کٹھ پتلیاں عوام کے صبر کا مزید امتحان لینے سے گریز کریں اور بدمعاشی ترک کرکے آئین و جمہوریت کی جانب واپس لوٹیں، شیخ وقاص اکرم

مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ